SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

PRESS RELEASE

For immediate release

January 25, 2023

ایس ای سی پی نے کارپوریٹ ری سٹرکچرنگ کمپنیز رولز 2019 میں ترامیم کا مسودہ عوام کی رائے کے لیے شائع کر دیا

اسلام آباد، 25 جنوری: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کمپنیوں کے لیے سرمایہ کاری کے عمل کو ہموار کرنے اور ری سٹرکچرنگ کو آسان بنانے کے لیے، کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کمپنیز رولز میں ترامیم تجویز کر دی ہیں۔ ترامیم کا مسودہ عوامی مشاورت کے لیے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر شائع کر دیا ہے۔

کلیدی تجاویز میں کارپوریٹ ری سٹرکچرنگ بورڈ کی ٹرسٹ لیکویڈیشن، کمپوزیشن اور گورننس، اور اس کے افعال اور بجٹ کے مختص کرنے کے طریقہ کار شامل ہیں۔ مزید برآں، یہ ترامیمی سٹرکچرنگ بورڈ سے اسکیم آف ارینجمنٹ کے لیے ریگولیٹری منظوری حاصل کرنے کے عمل کو بھی ہموار کریں گی۔

ان ترامیم میں کارپوریٹ ری سٹرکچرنگ بورڈ کی تشکیل، تقرری، اور گورنس کے کے لیے طریقہ کار کے ساتھ ساتھ اس کے اراکین اور عملے کے لیے ایک ضابطہ اخلاق بھی تجویز کیا گیا ہے۔ ان اقدامات کا مقصد متعلقہ شعبوں کے ماہرین کی متنوع نمائندگی، فیصلہ سازی کے عمل میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانا ہے۔

مجوزہ ترامیم کے مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر https://www.secp.gov.pk/document/draft-crc-rules-amendments-with-mol-changes-for-po/?wpdmdl=46713&refresh=63d0e35b316fa1674634075 بھی دستیاب ہے۔

اسٹیک ہولڈرز 7 فروری تک ترمیم کے مسودے پر اپنی رائے ateeq.ahmed@secp.gov.pk پر فراہم کر سکتے ہیں۔